# بیت الخلا میں برہنہ ہونے کی حالت میں وظیفہ پڑھنا

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

بیت الخلا میں جب برہنہ بیٹھیں تو وسوسے آتے ہیں کیا اس حالت میں وسوسے دور کرنے کے لیے کچھ وظیفہ پڑھ سکتے ہیں؟ اگر نہیں پڑھ سکتے تو کوئی ایسا وظیفہ بتا دیجئے جس سے بیت الخلا میں وسوسے نہ آئیں۔

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

بیت الخلا میں زبان سے کوئی وظیفہ پڑھنا یا دیگر اذکار کرنا مکروہ ہے کہ بیت الخلا نجاست والی جگہ ہے اور اللہ پاک کے مقدس نام کی تعظیم کرتے ہوئے ایسی جگہوں پر اللہ پاک کا نام لینے کو فقہائے کرام نے مکروہ قرار دیا ہے۔ اسی طرح برہنہ ہونے کی حالت میں بھی ذکر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

رہا معاملہ وسوسوں کا تو، وسوسوں کو دور کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اگر کوئی وسوسہ آئے تو اس کی طرف توجہ ہی نہ کی جائے۔ اور دوسرا یہ ہے کہ زبان ہلائے بغیر، دل ہی دل میں وسوسوں سے پناہ مانگی جائے۔

نجاست والی جگہوں پر ذکر اللہ کرنے کے متعلق البحر الرائق میں ہے "ولا یتکلم عن الخلاء۔۔۔ولا یذکر اللہ ولا یحمد إذا عطس ولا یشمت عاطسا ولا یرد السلام ولا یجیب المؤذن" ترجمہ: بیت الخلا میں نہ کلام کرے، نہ ذکر اللہ کرے، اور نہ ہی چھینک آنے پر الحمد للہ کہے، نہ ہی چھینک، سلام اور اذان کا جواب دے۔ (البحر الرائق، جلد 1، صفحہ 256، دار الکتاب الاسلامی)

بہارِ شریعت میں ہے "(قضائے حاجت کے وقت) چھینک یا سلام یا اذان کا جواب زبان سے نہ دے اور اگر چھینکے تو زبان سے الحمد للہ نہ کہے، دل میں کہہ لے۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 409، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

امام اہل سنت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: "ہمارے علمائے کرام تصریح فرماتے ہیں کہ نجاست کی جگہ قرآن عظیم پڑھنا منع ہے۔ ولہذا حمام میں تلاوت مکروہ ہے۔ فتاوی امام قاضی خاں میں ہے "یکرہ ان

یقرأ القراٰن فی الحمام لانہ موضع النجاسات ولا یقرأ فی بیت الخلاء"ترجمہ: مکروہ ہے کہ حمام میں قرآن مجید پڑھا جائے اس لئے کہ وہ محل نجاست ہے۔ اور بیت الخلا میں بھی قرآن مجید نہ پڑھا جائے۔" (فتاوی رضویہ، جلد23، صفحہ453، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد فرحان افضل عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4193

**تاریخ اجراء:** 03ربیع الاول1447ھ/28اگست2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net